[This question paper contains 2 printed pages.]

**Your Roll No...............**

**H**

| | | |
|---|---|---|
| **Sr. No. of Question Paper** | **:** | **5455** |
| Unique Paper Code | : | 2141002002 |
| Name of the Paper | : | Urdu B |
| Name of the Course | : | **AEC (UG) NEP** |
| Semester | : | IV |

Duration : 3 Hours

Maximum Marks : 60

**Instructions for Candidates**

1. Write your Roll No. on the top immediately on receipt of this question paper.

نوٹ: صرف چار سوالوں کے جواب دیجیے۔ پہلا سوال لازمی ہے۔ نمبر مساوی ہیں۔

١۔ نیچے لکھے اقتباسات میں سے صرف ایک حصے کی تشریح مع سیاق وسباق کیجیے۔

(الف)

اوہو، آپ کو یہ غرہ بھی ہے! بے شک آپ خلیفۂ خدا ہیں، مگر سب چیزوں کی حقیقت آپ کو معلوم نہیں۔ قرآن میں یہ تو آیا ہے کہ آدمی کو سب چیزوں کے نام بتادئے گئے تھے۔ یہ کہاں ہے کہ اصلیت بھی بتادی گئی تھی؟ اگر اصلیت اور حقیقت معلوم ہے تو بتاؤ بجلی کیا چیز ہے؟ وہ تو غلاموں کی طرح آپ کی خدمت کرتی ہے اور اس کی تابعداری پر آپ کو گھمنڈ بھی بہت بڑا ہے، مگر آج تک آپ کو یہ خبر نہیں کہ یہ کیا چیز ہے اور چند حرکتوں سے کیوں ظاہر ہوتی ہے۔ خیر، بجلی تو بڑی چیز ہے، تنکے کے بھی اسرار سے آپ ناواقف ہیں کہ ذرا سی رگڑ سے یہ نورانی شعلہ کہاں سے آجاتا ہے۔ محض غلط ارشاد ہے کہ آپ کے سب کام عین الٰہی کے مطابق ہوتے ہیں۔ خدا کی ہوا عام ہے، پانی اور روشنی عام ہے، جنگل اور دریا عام ہیں، مگر آپ کی ذات شریف ان سب چیزوں کو اپنے لیے مخصوص کر لینا چاہتی ہے۔ آپ کی خواہش ہوتی ہے کہ روٹی، پانی، ہوا سب میرے قبضے میں ہوں۔ جس کو چاہوں دوں، جس کو چاہوں محروم کردوں۔ ایک آدمی کروڑوں روپے خزانوں میں بند رکھتا ہے اور لاکھوں آدمی بھوک سے مرجاتے ہیں اور وہ خود غرض کچھ پروا نہیں کرتا۔ اپنی ہوس اور طمع کے جوش میں، نام اور نشان کے شوق میں لاکھوں ہم جنسوں کو فنا کر ڈالتا ہے۔"

(ب)

مجھ سے پہلی سی محبت ،مری محبوب نہ مانگ

میں نے سمجھا تھا کہ تو ،ہے تو درخشاں ہے حیات

P.T.O.

تیرا غم ہے تو غم دہر کا جھگڑا کیا ہے
تیری صورت سے ہے عالم میں بہاروں کو ثبات

تیری آنکھوں کے سوا دنیا میں رکھا کیا ہے
تو جو مل جائے تو تقدیر نگوں ہو جائے

یوں نہ تھا میں نے فقط چاہا تھا یوں ہو جائے
اور بھی دکھ ہیں زمانے میں محبت کے سوا

راحتیں اور بھی ہیں وصل کی راحت کے سوا
ان گنت صدیوں کے تاریک بہیمانہ طلسم

۲۔ خواجہ حسن نظامی کے انشائیوں کی خصوصیات بیان کیجئے۔

۳۔ جاں نثار اختر کی نظم نگاری کی اہم خصوصیات پر روشنی ڈالیے۔

۴۔ فراق گورکھ پوری کی غزل گوئی کی امتیازی خصوصیات پر اظہارِ خیال کیجیے۔

۵۔ ساحر کی نظم ''پرچھائیاں'' کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھیے۔

۶۔ داغ کی غزلوں کے امتیازات بیان کیجیے۔

۷۔ ''مجھ سے پہلی سی محبت'' نظم پر اظہارِ خیال کیجئے۔